© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کی بھاوج، مولانا صاحبزادہ عزیز احمد اور مولانا صاحبزادہ رشید احمد کی خوشدامن مرحومہ

☆ **قاری حزب اللہ رشیدی شہید:** جامعہ رشیدیہ ساہی وال کے خازن، حضرت مولانا قاری لطف اللہ شہیدؒ کے فرزند اور مولانا حبیب اللہ رشیدیؒ کے بھتیجے جناب حزب اللہ رشیدی کو ۲۸ رمضان ۱۴۳۲ھ مطابق ۲۹ اگست بروز سوموار، مدرسہ میں ایک شقی القلب بدبخت نے شہید کر دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ قاتل گرفتار ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور قاتل کو قرارِ واقعی سزا ملے۔

☆فدائے احرار مولانا محمد گل شیر شہید رحمتہ اللہ علیہ کے خالہ زاد، بزرگ احرار کارکن حاجی محمد یٰسین مرحوم، انتقال: ۱۹ ستمبر، ملھووالی، ضلع اٹک

☆ **اہلیہ مرحومہ شیخ نثار احمد:** مجلس احرارِ اسلام کے قدیم کارکن جناب شیخ نثار احمد (لاہور) کی اہلیہ شیخ آفتاب احمد اور شیخ محسن نثار کی والدہ اور سٹینڈرڈ بیکری ملتان کے شیخ نیاز احمد کی چچی صاحبہ۔ انتقال ۲۶ رمضان ۱۴۳۲ھ، ۲۷ اگست ۲۰۱۱ء ہفتہ۔ لاہور

☆ **والدہ مرحومہ مولانا سلطان محمود ضیاء:** جامعہ خلفاء راشدین ملتان کے مہتمم اور معروف خطیب مولانا سلطان محمود ضیاء کی والدہ مرحومہ۔ انتقال: ۲۸ رمضان ۱۴۳۲ھ، ۲۹ اگست ۲۰۱۱ء۔ سوموار

☆ **محبوب الرحمٰن مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام صادق آباد کے کارکن اور مسجد کے منتظم مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے جواں سال فرزند محبوب الرحمٰن مرحوم، انتقال: ۲۶ رمضان ۱۴۳۲ھ، ۲۷ اگست ۲۰۱۱ء۔ ہفتہ

☆ **والدہ مرحومہ مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی:** عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کے مرکزی مبلغ مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی کی والدہ ماجدہ، برادران ثناء اللہ، عطاء اللہ کی دادی صاحبہ۔ انتقال: ۵ شوّال ۱۴۳۲ھ، ۴ ستمبر ۲۰۱۱ء۔ اتوار

☆ **محمد عمر چوہان مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام رحیم یار خان کے رہنما مولانا فقیر اللہ کے کمسن پوتے، عزیزم محمد معاویہ کے بیٹے اور جناب حافظ عبدالرحیم نیاز کے نواسے محمد عمر، انتقال: ۱۰ شوّال ۱۴۳۲ھ، ۹ ستمبر ۲۰۱۱ء، جمعہ۔ اللہ تعالیٰ معصوم بچے کو والدین کے لیے مغفرت کا ذریعہ بنائے (آمین)

☆ **مولانا عبدالرحمٰن عثمانی**، خطیب مسجد سیدنا علی المرتضیٰ تلہ گنگ اور صاحبزادہ ابوبکر نقشبندی (حضرت پیر عبدالرحیم نقشبندی کے نواسے) ۷ ستمبر کو ختم نبوت کانفرنس چناب نگر میں شرکت کے بعد واپس جاتے ہوئے ٹریفک حادثے میں شہید ہو گئے۔

☆ **حاجی عبدالخالق مرحوم:** تلہ گنگ میں ہمارے کرم فرما حاجی خدا بخش کے بیٹے اور حاجی فضل حسین کے بھائی حاجی عبدالخالق مرحوم

☆ **خالہ مرحومہ حافظ شفیق الرحمٰن:** حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کے رفیق سفر حافظ شفیق الرحمٰن کی خالہ مرحومہ۔ انتقال ۲۲ ستمبر ۲۰۱۱ء

☆ **عطاء اللہ صدیقی مرحوم:** ادارہ ''محدث'' لاہور کے رکن، حکومت پنجاب کے سیکرٹری، ممتاز کالم نگار اور محقق جناب عطاء اللہ صدیقی ۱۳ شوّال ۱۴۳۲ھ، ۱۲ ستمبر ۲۰۱۱ء، سوموار۔ ڈینگی بخار کی وجہ سے لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم دینی غیرت وحمیّت سے سرشار ایک سچے مسلمان اور صاحبِ قلم شخصیت تھے۔ انہوں نے اپنی تحریروں کے ذریعے اسلام کی زبردست خدمت کی۔

قائدِ احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، نائب امراء پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، سیکرٹری اطلاعات میاں محمد اویس، ڈپٹی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد عمر فاروق اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر نے مرحومین کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت اور دعائے مغفرت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائیں۔ (آمین)

احباب وقارئین تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت وایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com